© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

**تبلیغی جماعت کے وفود کی دارالعلوم آمد:** رمضان المبارک اوراس سے قبل درجنوں تبلیغی جماعتیں دارالعلوم تشریف لائیں، جس میں پاکستان سمیت بنگلہ دیش، آسٹریلیا، انگلینڈ، صومالیہ اور دیگر مما لک کے علماء بھی شریک تھے۔ بیشتر علماء نے شیوخ حقانیہ خصوصاً حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات اوراجازت حدیث کیلئے سفر کیا۔

## مدیر الحق کی وزیر داخلہ چودھری نثار علی خان سے ملاقات

۱۳ جون کو مدیر الحق برادرم مولانا راشد الحق اور مولانا سید یوسف شاہ صاحبان نے اسلام آباد میں وزیر داخلہ جناب چودھری نثار علی خان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں مختلف اہم قومی ایشوز پر تبادلہ خیال کیا گیا نیز دینی مدارس اور علمائے کرام کی حفاظت وسیکورٹی سمیت دیگر اہم کئی مسائل پر گفتگو وشنید ہوئی۔

## احاطہ امام بخاری کی دوسری منزل اور مسجد تہہ خانہ کمروں پر کام کا آغاز

دارالعلوم حقانیہ کی تعمیر نو کے سلسلہ میں احاطہ قدیم دارالتد ریس احاطہ یوسفیہ، احاطہ امام شیخ الحدیث کے ڈھا دیئے جانے کے سبب امسال طلبا کی رہائش کا مسئلہ جو فوری طور پر زیر غور تھا، اس سلسلہ میں نئے طلباء کی رہائش گاہوں کی تعمیر کی فکر حضرت مہتمم صاحب کو لاحق تھی لہٰذا ہنگامی بنیادوں پر حضرت مہتمم صاحب کے حکم پر احاطہ امام بخاری کی دوسری منزل پر کام دن رات شروع کر دیا گیا ہے، اس منزل میں پرانے ہاسٹل کا سامان دروازے کھڑکیاں اینٹیں وغیرہ (جو کہ کافی بہتر حالت میں ہیں) صدقہ جاریہ کے طور پر لگائی جارہی ہیں، جو جناب کرنل مختار صاحب اور حاجی دلاور خان صاحب نے تعمیر کروایا تھا اورانہوں نے اپنی بلڈنگ نئے دارالتد ریس بنانے کی خاطر گرانے کی قربانی دی، لہٰذا حضرت مہتمم صاحب نے اکثر و بیشتر اسی بلڈنگ کا سامان اسی میں لگانے کی تجویز دی اوراس نئی منزل کا نام بھی جناب کرنل مختار صاحب و حاجی دلاور خان صاحب اور طارق خان صاحب کے منسوب کرنے کی تجویز دی۔ اسی طرح مولانا عرفان الحق کی تحریک سے مسجد کے تہہ خانہ میں ۱۰ وسیع ہال نما عارضی کمروں کا آغاز رمضان ہی کے مقدس ایام میں کردیا گیا ہے۔

## الحق کے خصوصی وقائع نگار واشاریہ ساز جناب شاہد حنیف کو صدمہ

الحق کے خصوصی وقائع نگار و اشاریہ ساز جناب شاہد حنیف صاحب کے والد گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد وفات پاگئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے، قارئین الحق سے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی اپیل ہے۔

© rasailojaraid.com